سام نامہ

بُلبُل

ہ

مُرتّبہ

خیّال

ناشر : سیکریٹری
اکیڈیمی آف آرٹس، کلچر اینڈ لنگویجز سرینگر
مطبوعہ : کوہِ نور پرنٹنگ پریس دہلی
طبع اول : سنہ ۱۹۶۲ء
تعداد : پانچ سو جلد
قیمت : دو ۲ روپے

پیش لفظ

فردوسی نے جن پہلوانوں کو "شاہنامہ" کے ذریعے بقائے دوام بخشی ہے اُن میں سام نہ صرف یہ کہ قدیم تر ہے بلکہ کئی حیثیتوں سے اہم بھی ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ فردوسی کے پیش روؤں نے بھی سام کے کارناموں کو نظم کا جامہ پہنایا اور اس کے بعد میں آنے والوں نے بھی۔ بعض متاخرین نے تو سام کی داستان کو مستقل تصنیف کا موضوع ہی بنالیا۔ اس سلسلے میں خواجو کا "سام نامہ" کافی مشہور ہے۔ "شاہنامہ" ہی کی طرح "سام نامہ" کی شہرت اپنے عالمی سفر کے دوران کشمیر بھی پہنچی اور یہاں کے شاعروں کی توجہ کا مرکز بنی۔

دورِ مغلیہ میں کشمیر فارسی کا اہم مرکز بن گیا تھا اور یہاں اس زبان کے چرچے شہر بہ شہر ہی نہیں قریہ بہ قریہ پھیل گئے تھے۔ اس زبان کی آبیاری میں مسلمانوں ہی کی طرح کشمیری پنڈتوں نے بھی برابر کا حصہ لیا تھا۔ اور دنیائے علم و ادب میں بڑا نام کمایا تھا۔ فارسی کے اسی رواج عام کی وجہ سے فارسی کی داستانیں بھی شہروں سے دیہاتوں تک پھیل گئی تھیں اور تعلیم یافتہ طبقے میں مقبول تھیں۔ اُنیسویں صدی کے آغاز میں جب نسبتاً بدامنی اور انتشار کم ہوا تو تصنیف و تالیف کے نئے میدانوں کی طرف بھی توجہ ہوئی۔ عاشقانہ اور صوفیانہ غزل تو پہلے بھی لکھی جاتی تھی، لیکن طویل بیانیہ تخلیقات کی طرف پہلی بار باقاعدگی سے توجہ ہوئی اس کام کا بیڑا بیک وقت کئی شعرا نے اُٹھایا۔ اس دور میں سب سے پہلی رزمیہ پرکاش رام کی

"رام اوتار چرت" ہے جو کشمیری رامائن کا مرتبہ رکھتی ہے۔ لیکن دوسری مثنویاں جو لکھی جانے لگیں وہ زیادہ تر عشقیہ اور صوفیانہ تھیں۔ محمود گامی کی "شیریں خسرو" ہو یا "مقبول کی "گلریز"، ولی اللہ کی "ہیمال ناگرائے" ہو یا رمضان بٹ کی "اکہ نندن" سب اسی صنف میں آتی ہیں۔

رزمیہ کی روایت کو آگے بڑھانے کا سہرا ابتداء میں تین اہم شاعروں کے سر ہے وہاب پرے، امیر شاہ کریری اور لچھمن کول بلبل ناگامی، تھوڑے سے تقدم و تاخر زمانی کے باوجود یہ تینوں شاعری کے میدان میں ہم عصر ہی گنے جائیں گے۔ ان میں امیر شاہ کریری اور وہاب پرے تو ایک دوسرے کے دوست بھی تھے اور ایک دوسرے سے تحریک شاعری بھی حاصل کرتے تھے اگرچہ ایک روایت یہ بھی ہے کہ بڈشاہ کے زمانے میں "شاہنامہ" کا کشمیری ترجمہ بھی شروع کیا گیا تھا۔ لیکن اس کا کوئی وجود نہیں ہے۔ یہ روایت ویسے بھی ضعیف نظر آتی ہے۔ بہر حال، اگر اس طرح کا کوئی کشمیری ترجمہ کیا بھی گیا ہو گا تو انیسویں صدی کے بہت پہلے ہی معدوم ہو چکا تھا اور جب وہاب پرے نے از سر نو "شاہنامہ" کا ترجمہ شروع کیا تو اُن کے سامنے اپنی زبان میں کوئی اور ترجمہ موجود نہیں تھا۔ اُنہیں شاہی سرپرستی بھی حاصل نہیں تھی۔ صرف اُن کا اپنا ذوق اور ذاتی دلچسپی اور بعض احباب کی توجہ دہانی اس کام کی محرک ہوئی۔ بعض اوقات دوستی تقسیم کار کا وسیلہ بھی بن جاتی ہے اس لئے وہاب پرے اور امیر شاہ کریری میں یہ باہمی تصفیہ ہو گیا کہ سام کی داستان امیر شاہ ہی نظم کریں گے اور "شاہنامہ" کی باقی داستانوں کو وہاب پرے۔

امیر شاہ کریری اور لچھمن کول بلبل دونوں ہی نے سام کی داستان کو اپنے اپنے انداز میں بیان کیا ہے۔ اگرچہ دونوں کا ماخذ خواجو کا "سام نامہ" ہے۔ لیکن امیر شاہ نے ترجمہ کیا ہے اور بلبل نے تلخیص۔ وہاب پرے نے "شاہنامہ" کے علاوہ اور بھی رزمیہ داستانیں

نظم کی ہیں"۔ لیکن امیرؔ اور بلبلؔ کی رزمیہ نظم صرف ایک "سامنامہ" ہے۔ وحدتِ موضوع کے باوجود یہ ماننا پڑتا ہے کہ بلبلؔ کے یہاں فن کاری زیادہ ہے اور زبان و بیان کا لطف بھی۔

اِس دور میں رزمیہ نظموں کی ترویج و تخلیق کا سیاسی جواز بھی تھا۔ علی العموم رزمیہ نظموں کی ترویج یا تو ایسے ادوار میں ہوتی ہے جبکہ سلطنتیں یا قومیں توسیع حدود اور ملک گیری کی خواہش جنگجویانہ جذبات کو عام کرانا چاہتی ہیں یا سیاسی اور سماجی استحصال کے خلاف خود عوام کے دلوں میں بغاوت کے جذبات اُبھرتے ہیں جن کو سہارا دینے کے لئے شعراء رزمیہ کا دامن تھامتے ہیں۔ جس دور میں ان نظموں کی تخلیق ہوئی وہ دور بھی کشمیری عوام کے سیاسی اور اقتصادی استحصال ہی کا ایک دور تھا۔ اس لئے اگرچہ وہابؔ اور بلبلؔ بظاہر فارسی مثنویوں کے ترجمے اور تلخیص میں لگے ہوئے نظر آتے ہیں۔ لیکن دراصل وہ عوام کی بے چینی کے نقیب ہیں اور اُن کے جذبات بغاوت کے ترجمان بھی۔ وہ زمانہ کھُل کر باتیں کرنے کا نہیں تھا۔ اس لئے بات تہ بہ تہ پردوں ہی میں کرنی پڑتی تھی۔

لیکن وہابؔ و امیرؔ و بلبلؔ کی تخلیقات کو صرف ترجمے یا سیاست کے ترازو پر تولنا مناسب نہ ہوگا۔ یہ تخلیقات کشمیری زبان میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان سے زبان میں تازہ وسعت آئی ہے۔ اب تک ادب صرف تصوّف اور عشق کے محور پر رقص کر رہا تھا۔ ان رزمیوں کی بدولت زندگی کی عظیم اور تلخ تر حقائق پر بھی نظر گئی۔ زندگی سے آنکھیں چار کرنے کا حوصلہ بڑھا۔ ایک اُمنگ، ایک ولولہ، ایک دار و گیر ایک جذبۂ عمل ایک آہنگِ وطن دوستی اُبھرا، اور اس نے آگے چل کر مہجورؔ و آزادؔ کی قومی شاعری کے لئے راستہ صاف کیا۔ ترجموں کا یہ دور نہ ہوتا تو کشمیری کا ادب شاید کچھ دنوں اور ان نئی وسعتوں سے ناآشنا ہی رہتا۔

وہاب اعیبر اور بلبل میں مؤخرالذکر کو یہ خصوصیت بھی حاصل ہے کہ انہوں نے ترجمہ
ایک میکانکی عمل نہیں مانا ہے بلکہ اخذ و ترک کی صلاحیتوں سے کام لے کر ہمارے سامنے
ایک ڈھلی ڈھلائی اور ترشی ترشائی چیز پیش کی ہے۔ یہ افسوس کی بات تھی کہ کشمیری
کے اس شاعر کا کلام ابھی تک تاریکی میں پڑا ہوا تھا۔ میری تحریک پر غلام نبی خیال نے
محمن کول بلبل کی پہلی کتاب "سامنامہ" کی تدوین و تصحیح کا کام ہاتھ میں لیا اور بڑے
سلیقے اور خوش اسلوبی سے اسے انجام کو پہنچایا۔ شروع میں انہوں نے ایک سیر حاصل
مقدمہ بھی لکھا ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ وہ بُلبل کی دوسری تصانیف کی تصحیح و تدوین کی
طرف بھی اسی طرح توجہ کریں گے۔ اکادمی اس کی اشاعت کر رہی ہے۔ یہ اُس کا فرضِ منصبی
تھا اور مجھے خوشی ہے کہ بدیر سہی لیکن ہم ایک اہم فریضہ سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔
میں آخر میں شعبہ ریسرچ و اشاعت حکومت جموں و کشمیر کا بھی شکریہ ادا کرنا
چاہتا ہوں، جنھوں نے "سام نامہ" کا نسخہ ہمیں کام کرنے کے لئے مہیا کیا، اور جناب
ابنِ مہجور کا بھی جنھوں نے اپنا ایک ذاتی نسخہ تصحیح و تطابق کے لئے عنایت کیا۔

سرینگر
۲ جون ۱۹۶۲ء

— علی جواد زیدی

مُقدّمہ

مُہذّب دُنیا کی تمام بڑی بڑی زبانوں کی گہرائی اور گیرائی کا
اندازہ جہاں اُسکی تخلیقی تصانیف سے ہوتا ہے وہاں بہت حد تک اس
بات سے بھی کیا جاتا ہے کہ ان کے دامن میں عالمی ادب کے گنج ہائے
گراں مایہ ترجموں کی شکل میں کتنے موجود ہیں۔ ہر قوم کے ادب میں طبع
زاد تخلیقوں کے علاوہ دُنیا کے عظیم ادبی شاہکاروں کے تراجم سے ہی
اس کے ذخیرہ میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔ جن زبانوں کا ادب آج سرمایہ
دار کہا جاتا ہے انہوں نے وقتاً فوقتاً دوسری زبانوں کے ادب ہی کا سہارا
لیکر بیشتر سرمایہ جمع کیا ہے۔ لین دین کا یہ عمل علوم وفنون کی ترویج اور
اسالیب میں تنوّع کا بھی سبب بنتا ہے۔

کشمیری ادب کے دورِ جدید سے پہلے کے شعری خزینے جہاں

مقامی ذہانت و ذکاوت کے مرہونِ ہیں وہیں فارسی اور سنسکرت شاعری کے خرمنوں کی خوشہ چینی سے بھی وسیع و وقیع ہوئے ہیں۔ بالخصوص فارسی مدّتوں تک شاہان و حاکمانِ کشمیر کی درباری زبان رہی ہے اور اس زبان کے پھیلاؤ سے یہاں کے باشعور طبقے کافی عرصے تک فارسی علم و ادب کی طرف راغب رہے ہے۔ سب سے زیادہ ہمارے شاعروں نے فارسی موضوعات و اسالیب کا اثر قبول کیا اور اُن کے کلام پر فارسیت کی چھاپ نظر آنے لگی۔ اگرچہ اس سے تقلید کی راہیں کھُلیں لیکن اس نے ہماری زبان کو بھی وسعت بخشی اور ہمارا ادب بھی پروان چڑھتا گیا۔ محمود گامیؔ، رسول میرؔ، مقبولؔ، وہابؔ حاجنی اور حقّانیؔ ہمارے اُن سخن وروں کے سرِ فہرست ہیں جنکی شاعری کے چشمے براہِ راست فارسی کے منبع سے پھوٹے ہیں۔ مانا کہ بعض جگہ انہوں نے فارسی زبان کی بے جا حد تک بھی تقلید کی لیکن کچھ فائدے بھی حاصل ہوئے۔ اسی اتّباع اور تقلید کی بدولت ہمارے ادب میں "گلریز" جیسی مقبولِ عام مثنوی اور کشمیری شاھنامۂ فردوسی جیسے ایک عظیم ترین شہکار کا اضافہ بھی ہوا۔

فارسی زبان کے کلاسیکی ادب سے جو مثنویاں براہِ راست ترجمہ یا تصرّف

(Adaptation) کی صورت میں ہمارے ادب میں داخل ہوئیں، اُن میں مذہبی رنگ کی تخلیقیں، حُسن وعشق کے بزمیہ اور بیانیہ قصّے اور جنگ وجدل سے بھرپور رزم نامے شامل ہیں۔ لیکن یہاں پر ہمیں ان میں سے صرف دو اصناف یعنی بزمیہ اور رزمیہ کا ذکر کرنا مقصود ہے۔

بزمیہ مثنویاں کشمیری شاعری کے تیسرے دور سے تعلق رکھتی ہیں جو محمود گامی کے زمانہ سے شروع ہوتا ہے۔ محمودؔ کے زمانے تک ہمارا ادب للّہ دید اور شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ کی متصوفانہ اور اخلاقی شاعری اور حبہ خاتون کے رُومانی گیتوں اور عشقیہ نظموں سے بہرہ ور ہوچکا تھا۔ محمودؔ کے زمانے میں سرزمینِ کشمیر میں فارسی علم وادب کا طوطی بول رہا تھا۔ یہاں تک کہ خاص درسگاہوں کے علاوہ عام مکتبوں میں بھی فارسی زبان کی علمی اور ادبی کتابیں ابتدائی نصاب تک میں داخل تھیں۔ اسی دَور میں کشمیری ادب میں پہلی بار مثنوی کا اضافہ ہُوا۔ محمود گامی اس صنفِ سخن کو اپنی زبان میں مُتعارف کرنے کے پیش رَو ہیں۔ انہوں نے مولانا عبدالرحمان جامیؔ اور نظامیؔ گنجوی کی مثنویوں "یوسف زلیخا" قصّہ "ہارون الرشید" "لیلےٰ مجنوں" اور "شیریں خسرو" وغیرہ کو اپنی زبان میں نظم کیا۔ محمودؔ کے ہم عصر رسول میر شاہ آبادی کی ایک گُم شُدہ

مثنوی "زیبا نگار" کا بھی کہیں کہیں ذکر پایا جاتا ہے، لیکن اس کا کوئی نسخہ تاحال دستیاب نہیں ہو سکا ہے۔ اِنہی دنوں سیف الدین تارہ بلی نے مثنوی "وامق عذرا" لکھی اور یہی وہ زمانہ ہے جب مقبولؔ کرالہ واری نے ضیائی نخشبی کے ایک فارسی قصہ کو "گل ریز" کے نام سے کشمیری نظم میں پیش کر کے یہاں کے مثنوی نگاروں میں اوّلین درجہ پایا۔

شور و مستی اور عشق و محبت کے واقعات سے پُر یہ کشمیری مثنویاں لوگوں میں بہت جلد مقبول ہوئیں۔ پڑھنے والے ان سے تفریحِ طبع حاصل کرنے لگے اور ان کے واقعات زبان زدِ خلائق ہو گئے۔ دوسری طرف یہ سرزمین جبر و استبداد کے آہنی شکنجے میں کراہ رہی تھی۔ استحصالی عناصر کی قوت کے سامنے مجبور عوام سر اُٹھانے کی جرأت نہیں کر سکتے تھے اور مطلق العنانیت کی اس گرم بازاری میں اگر کوئی چیز مظلوم کشمیریوں کے افسردہ دلوں اور مایوس ذہنوں میں جست و خیز اور جد و جہد کی ایک اُمنگ سی پیدا کر دیتی تھی تو وہ یہ رزمیہ داستانیں ہی تھیں اس طرح کے وہ قصے اور کہانیاں جن کے کردار شجاعت اور جرأت مندی کے طبعی اوصاف رکھتے تھے، عام کشمیری کے سامنے مثال بن کر آتے تھے اور انہیں بھی متاثر کر دیتے۔ یہ بات اُس دور کے

حساس شاعروں نے محسوس کی۔ فارسی زبان میں ایسی شعری تخلیقات کی کوئی کمی نہیں تھی، لہذا انہوں نے اس زبان کے چیدہ چیدہ جنگ ناموں کو کشمیری میں نظم کرنا شروع کیا، اور یہ سلسلہ پیر غلام محمد حنفی (وفات ۱۹۳۷ء) تک جاری رہا۔ اس طرح سے جو خاص خاص رزمیہ مثنویاں کشمیری زبان میں منتقل ہوئیں، اُن میں لچھمن کول بُلبل کا "سام نامہ" مولوی صدیق اللہ حاجنی کا "سکندر نامہ" وہاب پرے کا "شاہنامۂ فردوسی" سیّد امیر شاہ کریری کا "سام نامہ" اور "جنگِ خاور"، مُظفر حسن شاہ کا "جنگِ مختار" اور حنفی کا جنگ نامہ "امیر حمزہ" قابلِ ذکر ہیں۔

یہ ساری مثنویاں بحرِ تقارب (فعولن فعولن فعولن فعل) میں لکھی گئی تھیں۔ بُلبل کے سوا اور کشمیری مترجموں نے بھی اپنے لئے یہی بحر منتخب کی۔ اس بحر کو رزمیہ شاعری کے لئے موزوں ترین خیال کیا جاتا ہے۔ فردوسی نے بھی شاہنامہ اسی بحر میں لکھا ہے۔ لیکن اس تقلید نے ان کشمیری تراجم میں یہ خامی پیدا کی ہے کہ جہاں جہاں اصل کے الفاظ اور اشعار کے صحیح مطالب کشمیری شاعروں کی دسترس سے بالا رہے ہیں وہاں انہوں نے یا تو فارسی کے اشعار کو ہی من وعن نقل کیا ہے یا اُن کے اپنے ترجمہ میں کوئی تاثر نہیں رہا۔

لچھمن کول بُلبُل ہمارے اُن شاعروں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے "سام نامہ" کو کشمیری میں منتقل کر کے اس روایت کو مُستقل طور پر زندہ کیا کیونکہ اس سے پہلے اگرچہ مہابھارت وغیرہ کا کشمیری ترجمہ ہو چکا تھا، لیکن ان کے مُترجمین کے نام تک معلوم نہیں ہیں۔

جس طرح کشمیری زبان کے اکثر شعرائے متقدمین و متوسطین آج تک گوشۂ گُم نامی میں پڑے ہیں اور اُن کے مستند حالاتِ زندگی کا فراہم کرنا بھی ہمارے لئے ناممکن ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اوائل اُنیسویں صدی کے اہم شاعر بُلبُل کے جامع سوانح بھی معلوم نہیں ہو سکتے۔ لے دے کے عبدالاحد آزاد نے بُلبُل کے بارے میں جو کچھ قلم بند کیا ہے اُسی کا سہارا رہ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جو کچھ زبانی روایات سے معلوم ہو سکا ہے اُس کو بھی میں نے درج کر دیا ہے۔ بُلبُل کے حالاتِ زندگی یوں ہیں:-

بُلبُل ناگامی کا اصلی نام لچھمن جو رینہ تھا۔ والد صاحب کا نام سُندر راز دان تھا۔ اُن کی ولادت سرینگر میں ملہ پورہ کے محلہ میں ۱۸۱۲ء میں ہوئی۔ یہ سب سے پہلے چنکرال محلہ میں سکونت کرتے تھے۔ پھر جوانی کے ہی دنوں میں گھر والوں سے ان بن ہو جانے کی وجہ سے پنجاب بھاگ گئے اور ایک سال وہاں رہنے کے بعد

واپس آئے۔ بعد میں دوسری شادی کے بعد سرینگر سے آٹھ میل دُور جنوب کی طرف قصبہ ناگام میں منتقل ہوئے۔ اور وہیں مستقل طور پر بود و باش اختیار کی۔ بُلبُلؔ کا ابتدائی پیشہ دُکانداری تھا۔ ناگام آکر کوٹھیال[۱] بنے۔ یہ کام بھی بعد میں ترک کیا، اور پھر دُکانداری شروع کی۔ بعد ازیں قصبہ میں ایک مکتب کھولا جہاں انہوں نے فارسی میں درس دینا شروع کیا۔ انہیں دنوں شعر کہنے کا شوق ہوا۔ فارسی ادب کے گہرے مطالعہ اور درس و تدریس کی وجہ سے انہوں نے رفتہ رفتہ فارسی کی قابلِ داد مہارت پیدا کرلی، اور وہ اس زبان کے فاضل اساتذہ میں شمار ہونے لگے۔ انہوں نے ملکۂ وکٹوریہ کی وفات پر ایک فارسی مرثیہ لکھ کر وائسرائے ہند کو بھیج دیا جس پر ان کو ایک سند کے علاوہ پچاس روپیہ انعام بھی دیا گیا۔ اس مرثیہ کے چند اشعار یہ ہیں ؎

بانوئے تخت نشینِ لندن بانوئے نقش و نگینِ لندن
بانوئے ہند و سمرقند و عرب بانوئے سندھ و سنّد بیت و حلب
بانوئے تبت و کشمیر و پہاڑ بانوئے خشک و تر و بر و بحار

---

[۱] کوٹھیال اُس سرکاری ملازم کو کہتے ہیں جس کی تحویل میں دیہاتوں میں عام طور سے وہ اناج رہتا ہے جو لوگوں میں تقسیم کرنا ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ بُلبُل کا ابتدائی کلام فارسیت میں رنگا ہُوا ہے، اور اُن کے اکثر اشعار ہو بہو فارسی میں ہی موزوں ہُوا کرتے تھے۔ مادری زبان کے علاوہ برج بھاشا اور سنسکرت زبانوں میں بھی اُن کو کافی دخل تھا۔

بُلبُل کی گھریلو زندگی سکون سے گُذرتی تھی۔ بیوی کا نام بمبر مال تھا ان سے ایک لڑکا شیوہ جی اور ایک لڑکی زیبہ دیدی پیدا ہوئی۔ شیوہ جی عینِ عالم شباب میں دُنیا سے اُٹھ گیا۔ اُس کی موت کے بارے میں یہ روایت ہے کہ جنم اشٹمی کے موقع پر شیوہ جی کسی کام سے سرینگر آیا۔ باپ نے اُسے ایک تربوز لانے کو کہا تھا۔ شیوہ جی جب واپس ناکام آیا تو وہ تربوز لانا بھول گیا تھا۔ بُلبُل نے غصّہ میں آکر اُس سے کہا کہ "تم نے میرا کہا نہ مانا، اب تم صرف آٹھ دن زندہ رہو گے۔" کہتے ہیں شیوہ جی اسی روز بیمار ہُوا، اور پُورے آٹھ دن گُذرنے کے بعد چل بسا۔ اس صدمۂ جانکاہ سے بُلبُل کو اس قدر دُکھ اور افسوس ہُوا کہ ایک ہفتہ تک سر بہ زانو رہے، لیکن تسلیم و رضا کی یہ کیفیت تھی کہ زبان سے اُف تک نہ کی۔

تنہا نشینی بُلبُل کو مرغوب تھی۔ عام طور پر خلوت میں بیٹھکر شاعری کیا کرتے یا سال میں کبھی کبھی گوتم ناگ اور آشہ ہیر میں قیام کرتے۔ مذہب کے

معاملے میں لگ بھگ آزاد خیال تھے۔ روزمرہ کی زندگی بہت سادہ تھی۔ عام اور سادہ غذا کھاتے، سادہ لباس پہنتے تھے۔ البتہ ساز و سُرود کے علاوہ چرس اور کشمیری چائے کے بے حد دِلدادہ تھے۔ کشمیری چائے کا ذکر آپ نے "سامنامہ" میں بھی بار بار مزے لے لے کر یُوں کیا ہے ؎

پھر کنا چایہ پیالاہ مایہ سیتی   ژلیم لوسُن میہ چلنے چایہ ہیسیتی

شکر لب شیر چایاہ انتہ شیرِ بتھ   معہ یکُ بوُزِتھ میہ خاطر گوم رنیرِ بتھ

زخوابِ ناز ساقی گرِ ہتہ بیدار   میہ چانے چایہ پیٹھ دِل چھُم طلبگار

یتم ساقی بہ موُرس انتظارن   اَکھس کیتھ پیالہ ہیتھ چھُس چایہ پارن

رُوحانی تعلیم میں بُلبُل مشہور شاعر پرمانند کے شاگرد تھے، جن کے انداز میں انہوں نے کچھ لیلائیں لکھی ہیں۔ پرمانند جی کی ایک مشہور لیلا اس طرح شروع ہوتی ہے ؎

ورِدیا کر دِیا دِیا ساگرہ   ہرہ ہرہ ہرہ شیوہ شنکرہ جی

نم یانس کُن تار دِم بوسرہ   ہرہ ہرہ ہرہ شیوہ شنکرہ جی

بُلبُل صاحب فرماتے ہیں ؎

ہرہ معہ کھہ ہرہ نس چھ ہرہ پتے ہرہ   انترہ باہرہ ہرہ ہرہ ہرہ ادم

بُلبُل نے اکہتّر سال کی عمر پا کر ۱۸۸۳ء میں وفات پائی۔ کہتے ہیں کہ دو دن آپ کی طبیعت ناساز رہی اور جب مرنے کا وقت قریب آیا تو صرف دو گھنٹے پہلے یہ اشعار کہے جن میں آپ کی تاریخ وفات بھی موجود ہے ؎

بیا اے باغباں بُلبُل قفس انداخت در گلشن
بہ باغِ شبنمش غسلے بہ برگِ گُل کفن افگن
چمن کے بیچ میں سبزے کے تختے پر لِٹا دینا
ہر اک گلبن کے (کی) شاخوں سے مسا اسکی کرو روشن
صبا با عندلیبِ گو گُلؔ از بُلبُلؔ ندا بر گو
کہ "زیرِ پائے عفوِ رام جی آمد شرن لچھمنؔ"

آخری مصرعہ سے 'کہ' چھوڑ کر ۱۹۴۲ بکرمی کے اعداد بنتے ہیں یہی سالِ وفات ہے۔ شاعر نے بسترِ مرگ پر ہی کہا تھا "کہ چھوڑ کر شمار کرو!"

آپ کی تصانیف میں کچھ فارسی اور کشمیری غزلیات کے علاوہ چند لیلائیں اور بھجن اور چاتے نامہ، اوتم نامہ، شیوہ لگن اور دو مثنویاں ساقی نامہ اور نل دمن شامل ہیں۔

بُلبُل کے ساقی نامہ کو اُس سلسلے کی ایک کڑی سمجھنا چاہیئے جس سے

شاہنامہ اور سام نامہ کشمیری ادب میں منتقل ہوئے۔ بہتر ہوگا کہ فردوسی کے شہنامہ کے ساتھ ہی ان تراجم اور ان کے ماخذوں کا یہاں ذکر کیا جائے

سنہ ۳۶۵ ہجری میں جب سامانی شہزادہ نوح بن منصور بادشاہ بنا اُس وقت پایہ تخت بُخارا میں بڑے بڑے شعراء موجود تھے۔ ابو منصور محمد ابن احمد دقیقیؔ بھی وہیں سکونت پذیر تھا۔ بادشاہ نے اُسے دربار میں بُلا کر شاہنامہ کی تصنیف پر مامُور کیا۔ دقیقیؔ نے گشتاسپ نامہ کے عنوان سے کوئی ایک ہزار اشعار قلم بند کئے جن میں اُس نے سلطنتِ گشتاسپ کا حال زردشت کی پیدائش اور گشتاسپ اور ارجاسپ کی جنگ کے حالات نظم کئے[1]۔ ابھی وہ اتنا ہی کہہ پایا تھا کہ اُسے ایک ترکی غلام نے قتل کیا۔ شبلیؔ کا کہنا ہے کہ دقیقیؔ نے بیس ۲۰ ہزار اشعار لکھے[2]۔ لیکن یہ فردوسی ہی کی قسمت میں تھا کہ چند سال بعد وہ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دے، اور ساٹھ ۶۰ ہزار ابیات میں عجم کا قومی افسانہ تخلیق کرے۔ فردوسی نے جب شاہنامہ از

---

[1] پاسداران سخن۔ مظاہر مصفاؔ۔ مطبوعہ طہران۔ ص ۶۳، ۶۴

[2] شعر العجم جلد اول۔ مطبع معارف اعظم گڈھ سنہ ۱۹۴۰ء ص ۴۳

از سرِ نو لکھنا شروع کیا تو اُس نے دقیقی کے اشعار کو بھی اسمیں شامل کیا۔ دقیقی کی موت کا افسوس کرتے ہوئے فردوسی نے اُس کا ذکر خیران الفاظ میں کیا ہے ؎

یکایک ازو بخت برگشته شد　　بدستِ یکے بنده برکشته شد
زگشتاسپ و ارجاسپ بیتے ہزار　　بگفت و سر آمد برو روزگار
برفت او و این نامه ناگفته ماند　　چنان بختِ بیدار او خفته ماند
خدایا ببخشا گناهِ ورا　　بیفزائے در حشر جاهِ ورا

ابو القاسم فردوسی طوسی کی پیدائش چوتھی صدی ہجری کے ابتدائی ایام میں بیان کی جاتی ہے۔ سلطان محمود غزنوی کی فرمائش پر فردوسی نے دقیقی کی وفات کے بعد شاہنامہ کو دوبارہ شروع کیا اور تقریباً ساٹھ ۶۰ ہزار اشعار پر مشتمل، جسمیں دقیقی کے اشعار بھی شامل ہیں۔ اس عظیم رزمیہ کو ۴۰۰ھ ہجری میں مکمل کیا۔ فردوسی نے لگ بھگ اسّی سال کی عمر میں ۴۱۵ھ ہجری کے قریب وفات پائی۔ شاہنامہ لکھنے پر فردوسی نے اپنی عمر کے تیس ۳۰ سال صرف کیے ؎

جہاں کردہ ام از سخن چوں بہشت
ازیں بیش تخمِ سخن کس نکشت

بسے رنج بردم درایں سال سی
عجم زندہ کردم بدیں پارسی

وہاب پرے نے شاہنامہ کو کشمیری میں منتقل کر کے دل گردے کا ثبوت دیا ہے۔ اپنی بسیار نویسی کے اعتبار سے وہاب اگرچہ کشمیری شعراء میں اپنی نظیر نہیں رکھتے مگر جس کارنامہ نے اُنکی ادبی شخصیت کا لوہا منوایا ہے وہ یہی ترجمہ ہے۔

وہاب نے ابھی سنِ بلوغ میں قدم رکھا ہی تھا کہ حاجن کے ایک مولوی صاحب کی وساطت سے شاہنامہ کا ایک مطبوعہ نسخہ دستیاب ہوا جو انہیں دنوں بمبئی کے ایک مطبع سے چھپا تھا۔ مولوی صاحب کے باصرار و بہ تکرار واپس مانگنے پر وہاب کو اس کے ترجمہ کی تحریک ہوئی اور انہوں نے کہا ؎

تہ بوزتھ بغیرت سیٹھاہ خارہ گوم
ازاں کینہ زن مے وَسے نار پیوم
سبب یتھ چھہ از خارہ بازی بنُن
گیئم راے شہنامہ کاشُر وَنُن

اس واقعہ سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ وہاب نے محض ادبی تحریک یا طبعی اُمنگ کے تحت ترجمہ کرنے کا کام شروع نہیں کیا تھا، بلکہ اس میں 'غیرت' یا 'رشک' کا جذبہ بھی کارفرما تھا۔ ظاہر ہے کہ رشک کا جذبہ جذبۂ تخلیق کی طرح دیرپا نہیں ہوتا۔ وہاب پرے کے یہاں بھی ایک عجلت کا احساس ہوتا ہے۔ وہاب چونکہ اس 'دردِ سر' سے جلد چھٹکارا پانا چاہتے تھے، اس لئے اُن کا شاہنامہ قارئین میں وُہ کیفیتیں پیدا نہیں کر سکا۔ جسکی وجہ سے فردوسی کو بقائے دوام حاصل ہے۔ جس شاہنامہ نے فردوسی کی رگوں سے خُون کا ایک ایک قطرہ چُوس لیا۔ اُس کے قلم برداشتہ ترجمہ میں بھی وہاب پرے کو جلد ہی یہ محسوس ہو گیا کہ یہ نرا کھیل ہی کھیل نہیں ہے بلکہ اس میں بھی خون پسینہ ایک کرنا ہوگا۔ اسی لئے انہوں نے ساٹھ ہزار اشعار کو تئیس ہزار ابیات میں مُلخّص کرنے پر اکتفا کی۔

شاہنامہ کا کشمیری ترجمہ کرتے وقت وہاب نے سام نریمان کے قصّے کو قلم بند نہیں کیا، کیونکہ یہ حصہ اس سے قبل سیّد امیر شاہ کریری نے، جو وہاب کے دوست بھی تھے، الگ سے سام نامہ کے عنوان سے نظم کیا تھا۔ اس کا ذکر وہاب نے یوں کیا ہے ؎

تسند داستاناہ نہایت چھ رمیوٹھ
تہ بوڈ دفتراہ عشقنوی زیادہ زیوٹھ
چھ خواجو لیکھان شہنامس[1] اندر
تہ کورمت چھ فردوسین مختصر
چھ گومت پری دخترِ عاشق تہ سام
سپنمت تہ دفتر چھ کاشر تمام

امیر شاہ وہاب سے عمر میں سات سال بڑے تھے۔ دراصل انہوں نے وہاب ہی کے ایما سے سامنامہ کو نظم کرنے کا بیڑا اُٹھایا۔ اس کتاب کی وجہِ تصنیف کے باب میں امیر یوں رقمطراز ہیں ؎

خصوصاً چھ اکھ مخلصا میون یار — نہایت شفیقاہ تہ چھم دوسدار
لقب چھس یہے ناوِ عبدالوہاب — چھ قرباہ عجیب خامہ جاجن بناعم
ہوس گوو تمس میانہِ شارُک تہ ٹھاہ — زفردوس طوسی چھ محمود شاہ

---

[1] یہاں سام نامہ ہونا چاہیے کیونکہ امیر نے اپنا قصّہ سام نامۂ خواجو سے ہی لیا ہے جس کا ذکر آگے آئے گا۔ نیز خواجو کے نام سے کوئی شاہنامہ وابستہ نہیں۔

دہ قہ پُن مبہ کہ اے مردِ شیرین کلام   بہ ابیاتِ کشمیر وثتن زٔچھ سامؔ

یہاں اس بات کی وضاحت کرنا ضروری ہے کہ فردوسیؔ نے جس جگہ شاہنامہ میں سامؔ کی داستان نظم کی ہے۔ وہابؔ نے اس خیال سے اُس حصہ کو چھوڑ دیا کہ امیرؔ شاہ اُسے پہلے ہی کشمیری میں منتقل کر چکے تھے۔ لیکن شاہنامۂ فردوسیؔ اور سام نامۂ امیرؔ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دو میں سامؔ کا قصہ بالکل مختلف واقعات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے امیرؔ شاہ کا سام نامہ بجز چند ایک عام واقعات کے فردوسیؔ کے پیش کردہ واقعات سے کوئی مطابقت نہیں رکھتا۔ امیرؔ شاہ نے اگرچہ اپنے ترجمہ کے ماخذوں میں فردوسیؔ کا نام بھی گنایا ہے۔ لیکن در اصل اُن کا سامؔ نامہ خواجوؔ کرمانی کے سامؔ نامہ سے ماخوذ ہے۔ خواجوؔ کے ساتھ ساتھ امیرؔ شاہ نے عسجدی کے بارے میں بھی لکھا ہے کہ اُس نے بھی سامؔ کی حکایت کو نظم کیا تھا۔ لیکن عسجدیؔ کے حالات سے اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا کہ اُس نے اس نام کی کوئی مثنوی تصنیف کی۔ اس بات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کہ امیرؔ شاہ نے ان تینوں فارسی شعراء میں سے صرف خواجوؔ کا نام اکثر بار لیا ہے یہاں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ امیرؔ شاہ کا سامؔ نامہ خواجوؔ

ہی سے ماخوذ ہے۔ پہلے امیر شاہ کے اُن اشعار میں سے چند ایک ملاحظہ فرمایئے
جو اُس نے خواجو، عسجدی اور فردوسی کے بارے میں لکھے ہیں ؎

خردمند فردوسیٔ پاک زاد ﷽ سُہ خواجو بہ عسجدی خوش نہاد

•

زِ اخبارِ آں سامِ خنجر گذار ﷽ دنن یی چھُ سُوی عسجدی نامدار

•

میہ بوزُم زِ گُفتارِ شکر بیان ﷽ دپن یی چھُ خواجوئے شیرین بیان

•

خردمند اُستاد طوسی لقب ﷽ دنن چھُوی یہ ہوی داستانہ عجب

•

خردمند خواجوئے شیرین کلام ﷽ دپن یی چھُ اندر تواریخِ سام

•

خردمند اُستاد خواجو خطاب ﷽ دنن چھُوی یہ ہوی نکتہ اندر کتاب

•

سخن سنج سُوی عسجدی نامور ﷽ دنن یی چھُ از سامِ نیرُم خبر

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر امیر شاہ نے خواجو کے سام نامہ ہی کو اپنا ماخذ بنایا تو وہ فردوسی اور عسجدی کا ذکر بار بار کیوں کرتے ہیں۔ عسجدی کے بارے میں تو وثوق سے کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ ممکن ہے کہ خواجو نے اپنی مثنوی میں احتراماً یا مصلحتاً اُس کا ذکر کر دیا ہو۔ جس کی بنا پر امیر شاہ نے بھی اُس کا نام اپنے اشعار میں لے لیا ہو۔ البتہ فردوسی کا ذکر اس لئے مناسب اور موزوں تھا کہ فی الحقیقت خود خواجو نے اپنا سام نامہ شہنامہ ہی کے تتبع میں لکھا ہے۔ نیز اُس کے کچھ اشعار بھی مستعار لئے ہیں۔ اس لحاظ سے خواجو لازمی طور پر فردوسی کا ممنون ہے، اور اسی سبب سے امیر شاہ کو بھی اُستادِ طوس کی داد دینا پڑی۔

شاہنامۂ فردوسی میں جو واقعات سام سے تعلق رکھتے ہیں، اُن کی مختصر تفصیل یوں ہے:۔

" سام کے بیٹے زال کی پیدایش کے موقعہ پر جب سام کو پتہ چلا کہ زال کے بال سفید ہیں تو وہ پراگندہ خاطر ہوا۔ کیونکہ اُس سے کہا گیا کہ زال تمہاری نسل سے نہیں ہے ؎

چو فرزند را دید موئے سپید
ببود از جہاں یکسرہ نا اُمید

سام نے اس نشانی کو بدشگونی سے تعبیر کر کے زال کو تن تنہا البرز کوہ میں چھوڑ دیا۔ جہاں ایک سیمرغ نے اُس کی پرورش کی۔ ایک دن خواب میں کسی نے سام سے بتایا کہ زال ابھی زندہ ہے کیونکہ ؎

کہ یزداں کسے را کہ دارد نگاہ
نگردد ز گرما و سرما تباہ

سام نے جب دوسری دفعہ پھر زال کو خواب میں دیکھا تو وہ بیٹے سے ملنے کے لئے بیتاب ہوا۔ اور اُس کی تلاش میں کوہِ البرز کی طرف روانہ ہوا وہاں سیمرغ زال کو سام کے پاس لایا۔ پھر یہ دونوں منوچہر بادشاہ کے پاس آ گئے۔ منوچہر نے سام کو زابلستان کی سرزمین عطا کی اور دونوں باپ بیٹے زابل آ گئے۔ جہاں سام نے بیٹے کو زابلستان کا ولی عہد مقرر کیا۔ زال یہاں سے کابل کی طرف نکلا جہاں وہ شاہِ کابل مہراب کی بیٹی رودابہ پر عاشق ہوا۔ اور دونوں کے درمیان محبت کے عہد و پیمان ہونے لگے۔ اس بات کی اطلاع زال نے ایک خط کے ذریعہ سام کو بھی دی۔ رودابہ کی ماں سین دخت نے یہ سن کر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ لیکن مہراب کو یہ بات مطلق پسند نہیں آئی۔ منوچہر کو بھی جب زال و رودابہ کے عشق کے بارے میں معلوم ہوا تو

اُس نے سام کو طلب کیا اور اُسے مہرآب کابلی کے ساتھ جنگ کرنے کا حکم دیا۔ سام نے ایک بھاری فوج کے ساتھ کابُل کی طرف کوچ کیا۔ جب یہ خبر زال کو ملی تو اس نے باپ سے منت سماجت کی کہ وہ اُسکی محبوبہ کا وطن برباد نہ کرے۔ اس کی بجائے زال نے اپنے آپ کو باپ کی خدمت میں قربانی کیلئے حاضر کیا۔ سام کی فوجیں اب کابُل کے قریب آچکی تھیں۔ مہرآب نے خوفزدہ ہوکر اپنی بیوی سین دخت کو بُلا کر کہا، میں سام کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ لہذا جھگڑا مٹانے کے لئے بہتر ہے کہ میں تم اور رودآبہ دونوں کو قتل کردوں، سین دخت نے جواباً کہا کہ میں خود سام سے مقابلہ کروں گی۔ یہ کہہ کر ملکہ بیش بہا تحائف لے کر سام کے پاس گئی اور اُس سے کہا کہ ایک آدمی کی خطا پر آپ سارے کابُل کو کیوں تباہ کریں گے؟ سام متاثر ہوا، اور اُس نے منوچہر کے نام زال کے ہاتھ اپنی عرضی روانہ کی۔ جس میں یہ تحریر کیا کہ اب میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ لہذا یہ کام زال ہی انجام دے گا اور یہ کہ زال کو رودابہ سے محبت ہو گئی ہے۔ لہذا آپ اس پیوند کی اجازت دیں۔ زال خط لے کر منوچہر کے پاس آیا، جہاں بادشاہ کے حکم سے زال کو مختلف امتحانوں سے گزرنا پڑا، اور پھر منوچہر نے اُسے عقد کی اجازت

دیدی۔ زال کابل آیا، جہاں اُس نے رودابہ سے شادی کی۔"

اس کے علاوہ بھی اگرچہ فردوسی نے سام کے بارے میں چند مختصر اور ضمنی وقائع بیان کئے ہیں۔ لیکن اُن کا نفسِ حکایت کے ساتھ کوئی خاص تعلق نہیں۔

عنصری، غضائری، فرخی اور منوچہری کے ساتھ عبدالعزیز بن منصور مروزی المتخلّص بہ عسجدی بھی دربارِ محمودِ غزنوی کے ممتاز شعراء میں شمار ہوتا تھا۔ اُس نے ۴۳۲ھ میں وفات پائی۔ لیکن جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے عسجدی کے کسی سوانح نگار نے ایسا کوئی اشارہ تک نہیں کیا جس سے سام سے متعلق کسی تخلیق کو عسجدی سے منسوب کیا جا سکے۔ عسجدی نے عمر بھر مدحیہ قصائد کے علاوہ غزلیات اور قطعات لکھے ہیں، مگر ان میں سے صرف معدودے چند اشعار کے سوا کوئی چیز مکمل صورت میں موجود نہیں رہی۔ فارسی زبان کے اکثر تذکرہ نگاروں نے اس بات کی تصدیق کی ہے۔ مظاہر مصفا لکھتے ہیں کہ " دیوانے از و درست نیست۔ در سالہائے اخیر آقای طاہری شہاب شعرہائے پراکندی ایں شاعر را از تذکرہ ہا و فرہنگ ہائے فارسی گرد آوردہ[1]"

---

[1] پاسداران سخن۔ مظاہر مصفا۔ مطبوعہ طہران۔ ص ۴۴۳

ڈاکٹر رضا زادہ شفق نے بھی لکھا ہے کہ "چند ایک بے ترتیب ابیات کے سوا عسجدی کا کلام ہم تک نہیں پہنچ سکا ہے"۔[1]

خواجو کرمانی ۶۷۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۷۵۳ھ میں وفات پائی

خواجو کے ساتھ جو سام نامہ منسوب ہوا ہے اُس کا دوسرا نام ہمای و ہمایوں بھی بیان کیا جاتا ہے۔ شفق کا کہنا ہے کہ "ہمای و ہمایوں داستانے است عاشقانہ و در بحرِ تقارب گفتہ شدہ و با ایں بیت شروع مے کند ؎

بنام خداوندِ بالا و پست

کہ از ہستیش ہست شد ہر چہ ہست

و آں را در بغداد بسالِ ۷۳۲ھ سرودہ و سلطان ابو سعید و وزیرِ او غیاث الدین محمد را در مقدمۂ آں مدح گفتہ۔ تاریخِ تالیفِ ایں مثنوی را شاعر در کلمۂ "بذل" آوردہ و گفتہ است ؎

کنم بذل بر ہر کہ دارد ہوس   کہ تاریخ آں نامہ بذل است و بس

در ایں مثنوی گذشتہ از نظامی تاثیر سبک شاہنامہ کاملاً محسوس است"۔[2]

---

[1] تاریخ ادبیات ایران۔ ص ۶۶

[2] تاریخ ادبیاتِ ایران مولفہ ڈاکٹر رضا زادہ شفق۔ مطبوعہ طہران۔ ص ۵۴۔۵۵

ہرمن ایتھے نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ یہ سام نامہ دراصل خواجو کی مثنوی ہمای وہمایوں ہی کا Reproduction ہے جس میں محض نام کی تبدیلی سے قاری کو دھوکا دینے کی کوشش کی گئی ہے[1]۔ اس کے علاوہ چند ایک تذکرہ نویسوں نے سام نامۂ خواجو کا محض سرسری طور پر ذکر کیا ہے[2]۔

اس مثنوی کے کچھ قلمی نسخے برٹش میوزیم۔ انڈیا آفس لائبریری اور بوھر لائبریری کلکتہ میں بھی محفوظ ہیں۔ جن کی تفصیل یہاں دی جاتی ہے

برٹش میوزیم والا نسخہ ۱۰ رجب المرجب ۸۴۲ھ کو لکھا گیا ہے۔ اس میں ایک سو ستانوے ۱۹۷ اوراق ہیں۔ اس نسخہ کا اولین شعر یہ ہے ؎

سپاس آں خدائے ایزد رہنمائے
کہ از کاف و نون کرد گیتی بپائے

اختتام کے قریب مصنف کا نام اس طرح آیا ہے ؎

---

[1] فہرستِ مخطوطاتِ فارسی جلد دوم۔ مرتبہ ہرمن ایتھے۔ انڈیا آفس لائبریری لندن۔ ۱۹۰۳ء۔ ص ۷۱۳۔ ۷۱۴۔ [2] تاریخ ادبیات در ایران جلد دوم۔ مؤلفہ ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا۔ مطبوعہ طہران۔ ص ۳۷۶

سرانجام خواجو شد ش نامہ ختم
کہ فردوسیش ہست شہنامہ ختم

اس نسخہ کی کہانی کا ابتدائی حصہ منوچہر شاہ کے دربار سے متعلق ہے جس میں خواجو نے شاہنامہ کے اشعار بھی نقل کئے ہیں۔ اس حصہ میں بادشاہ کے ساتھ سام کے تعارف کا حال بیان کیا گیا ہے۔ اصل نظم سام کے شکار کو نکلنے کے واقعہ سے شروع ہوتی ہے۔ آخری حصّے میں یہ بیان ہے کہ سام نے چین کے بادشاہ کو کس طرح قتل کر کے وزیر کے بیٹے قمرتاش کو وہاں کی حکومت سونپ دی اور وہ خود کیسے فغفورِ چین کی بیٹی پری دخت کے ہمراہ ملکِ خاور کی طرف روانہ ہوا، جہاں سے سام دوبارہ دربارِ منوچہری میں پہنچا۔

برٹش میوزیم میں محفوظ دوسرا نسخہ، جو ناتمام ہے، اس شعر سے شاعر کے نام کو ظاہر کرتا ہے ؎

سرائندہ خواجوئے موبد نژاد چنیں کرد از ماہِ بے مہر یاد[1]

---

[1] فہرست مخطوطاتِ فارسی جلد دوم۔ برٹش میوزیم لندن۔ ۱۸۸۱ء
ص ۵۴۳-۵۴۴۔

انڈیا آفس لائبریری میں موجود نسخہ کا پہلا شعر یہ ہے؎

بنامِ خداوندِ بالا و پست
کہ از ہستیش ہست شد ہر چہ ہست

یہ نسخہ برٹش میوزیم والے نسخۂ اول سے پورے دس دن کم ایک سال بعد یعنی یکم رجب ۸۵۰ھ کو نقل کیا گیا ہے[1]

بوہر لائبریری کلکتہ والا نسخہ، جو اس شعر سے شروع ہوتا ہے؎

منم بر سرِ تختِ گرداں سپہر
ہم خشم جنگ است ہم داد و مہر

یہ نسخہ خطِ نستعلیق میں خوشخط لکھا ہوا ہے اور عنوانات سُرخ روشنائی سے رقم ہیں۔ اس نسخہ کی کتابت قیاساً سترھویں[17] صدی عیسوی میں ہوئی ہے[2]

امیر شاہ کے سام نامہ کی کہانی کا یہاں درج کرنا اس لئے مناسب

---

[1] فہرست مخطوطاتِ فارسی جلد دوم۔ انڈیا آفس لائبریری لندن ۱۹۰۳ء ص ۱۳، ۱۴۔۱۷

[2] فہرست مخطوطاتِ فارسی جلد اول بوہر لائبریری کلکتہ ۱۹۲۱ء ص ۲۴۳۔

معلوم ہوتا ہے کہ خواجو کے سام نامہ کا جو مختصر قصہ اوپر آیا ہے اُس سے موازنہ کر کے یہ بات ثابت کی جائے کہ امیر نے دراصل خواجو ہی سے اپنی مثنوی کی حکایت لی ہے۔ ثانیاً یہ دیکھا جائے کہ بلبل نے اپنے سام نامہ میں امیر شاہ کے نظم کردہ وقائع میں کس قدر اختصار سے کام لیا ہے

سام نامۂ امیر کی داستان یوں ہے :۔

"منوچہر کے دربار سے وابستہ نریمان پہلوان کا بیٹا سام ایک دن بادشاہ کی اجازت لے کر شکار کو نکلا۔ جب وہ ایک ویران جگہ پر پہنچا تو اُسے معلوم ہوا کہ وہ اپنے رفقاء سے دُور آ نکلا تھا۔ سام اب چلتے چلتے ایک دیدہ زیب عمارت میں پہنچا جہاں ایک خوشرو لڑکی نے سام سے شاہِ چین کی بیٹی پری دخت کے بارے میں بتایا۔ سام نے جب پری دخت کی تصویر یہاں دیکھی تو وہ ہوش و حواس کھو بیٹھا۔ صبح کو سام جب اپنے ساتھیوں سے مِلا، تو اُنہیں اُسکی دگرگوں حالت دیکھکر شک گذرا کہ سام دیوانہ ہو گیا ہے۔ سام نے اُنہیں اپنی سرگذشت سُنا کر چین جانے کا قصد کیا اور اُسی وقت لشکر ساتھ لے کر اپنے محبوب کی تلاش میں بطرفِ چین روانہ ہوا۔ سام کے ہمراہیوں میں اُس کا ایک قریبی رشتہ دار

فلواد[1] بھی شامل تھا۔

راستے میں اُنہیں ایک بحرِ بے پایاں کے قریب زنگی فوج کا مقابلہ کرنا پڑا۔ اس کے سردار سمندون[2] نے آخر شکست کھائی اور وہ سام کے ہاتھوں قتل ہُوا۔ زنگیوں پر فتح پانے کے بعد سام اور اُس کے ساتھی سرزمین خاور میں پہنچے۔ جہاں کا بادشاہ ضمیرانِ ملک[3] اسی دن فوت ہوا تھا۔ وہاں کے دستور کے مطابق سام کو خاور کا تخت بخشا گیا۔ سام نے خاور میں وقتِ شاہی کے دوران وہاں کے عوام پر طرح طرح کے احسانات کئے اور ساری رعایا اُسے دُعائیں دینے لگی۔ انہی دنوں میں ضمیران ملک کی بیٹی پری زاد سام پر عاشق ہوئی اور وزیرِ خاور کی لڑکی آذر افروز نے بھی فلواد کو دل دیا۔ اب سام کے پاس اُس کا چچازاد بھائی قلوش بھی آگیا۔ ایک دفعہ جب سام نے پری دخت کو خواب میں دیکھا تو اُس کا جذبۂ عشق از سرِ نو بیدار

---

[1] بُلبُل نے یہ نام قلواد لکھا ہے

[2] بُلبُل نے یہ نام سمندان لکھا ہے

[3] یہ نام بھی سامنامۂ بُلبُل میں ملک ضمر درج ہے

ہُوا، اور اُس نے قلوش کو شاہِ خاور مُقرر کر کے اور فلواد کو وزیر بنا کر چین کی راہ لی۔

تھوڑی دُور جا نکلنے کے بعد سام کو ایک کاروان نظر آیا۔ جس کا رہبر خواجہ سعدان دراصل پری دخت کا اتالیق تھا اور کسی سفر سے واپس ہوتے ہوئے چین جا رہا تھا۔ سعدان نے جب سام کو دیکھا تو اُسے اپنے مرے ہوئے جوان بیٹے کی یاد آئی، جس کی شکل و صورت سام سے ملتی جُلتی تھی۔ اُس نے سام کو اپنے ساتھ لیا اور یہ دونوں آگے بڑھتے گئے۔

اب سام اور اُس کے ساتھی ایک ایسی جگہ پر آ پہنچے تھے، جہاں ایک مشہور دیو جند نے فغفورِ چین کی بھاوج اور پری دخت کی سہیلی پری نوش کو قید رکھا تھا۔ سام نے یہاں تمام دیوؤں کو قتل کرنے کے بعد جند جادوگر کو بھی موت کے گھاٹ اُتار کر پری نوش کو رہائی دلوائی۔

جند کے قتل کی خبر سُن کر اُس کا بڑا بھائی ملکوکال دیو برافروختہ ہو کر سام کے لشکر پر ٹوٹ پڑا، لیکن وہ بھی سام کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔ اِس دوران میں فلواد اور قلوش بھی سام کے فراق کی تاب نہ لا کر اُس کے پاس پہنچ چکے تھے۔

یہ سبھی جب چین پہنچے تو پری نوش اور سعدان نے پری دخت اور بادشاہِ چین کے پاس سام کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دئیے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ فغفور کی نگاہوں میں بھی سام کی قدر و منزلت بڑھی اور پری دخت بھی دل سے اُس کی گرویدہ ہوگئی۔

ایک دن جب سام شاہِ چین کے ساتھ شکار کو نکلا، تو اُسے اپنے معشوق کی یاد اسقدر ستانے لگی کہ اُس نے طبیعت کی ناسازی کا بہانہ کر کے فغفور سے اجازت مانگی اور سیدھا پری دخت کے محل میں داخل ہو کر اُس سے مُلاقی ہُوا۔

شاہِ چین جب شکار سے لوٹا تو اُسے ایک شخص کی زبانی سام اور پری دخت کے خفیہ وصل کا پتہ چلا۔ اُس نے وزیر سے مشورہ کر کے ایک طربیہ مجلس میں سام کو بیہوشی کی دوا پلائی اور اُسے ایک عمیق چاہ میں قید کر ڈالیا۔ اس چاہ کی رکھوالی جس شخص کے سُپرد کی گئی، اُس کی بیٹی قمر رُخ نے جب سام کو دیکھا تو وہ از خود رفتہ ہونے لگی۔ اور ایک دن اُس نے باپ کی غیر حاضری میں سام کو چاہ سے نکال لیا۔

سام پری دخت کے پاس آیا لیکن اُس کے تلخ کلام سے افسردہ

خاطر ہو کر سام نے جنگل کی راہ لی۔ اور مارا مارا پھرتا رہا۔ پری دخت سام کے چلے جانے کے بعد اپنے کئے پر پچھتانے لگی اور بھیس بدل کر سام کو ڈھونڈنے نکلی۔ آخر اُس نے سام کو پا ہی لیا۔ قلواد و قلوش نے جب سام کے بارے میں سُنا تو وہ بھی اُس کی تلاش کرتے کرتے اُس کے پاس آ پہنچے۔

سام نے اپنے ساتھیوں کے مشورہ پر شاہِ چین کو ایک خط لکھا، جس میں اُس کی بیٹی کی بھی اُسے اطلاع دی اور یہ بھی لکھا کہ اگر وہ ان دونوں کی شادی پر آمادہ نہیں تو پھر میدانِ جنگ میں کود پڑے۔ فغفورِ چین کو جب یہ خط ملا تو اُس نے ایک اور چال کر کے سام کو قصرِ شاہی میں بُلوایا۔ غرض سام اور پری دخت شاہی محل میں پہنچے۔

شاہِ چین نے سام کو مارنے کی غرض سے اُسے نہنگال دیو کے ساتھ لڑانے کی ترغیب دی۔ سام نے جب یہ کارنامہ بھی سرانجام دیا، اور نہنگال دیو کو پا بجولاں چین پہنچا دیا، تو فغفور کو اپنے ارادوں پر خاک پڑتی نظر آئی، جب اُسے کوئی چارۂ کار نظر نہ آیا تو اُس نے ایک دن یہ مشہور کرا دیا کہ پری دخت سخت بیمار ہے۔ ابھی چند دن ہی گُذرے تھے کہ شاہی حکام کی طرف سے پری دخت کی موت کا اعلان کر دیا گیا۔ پری دخت

کو اصل میں وزیر کے گھر ایک تہہ خانے میں نظر بند کرا یا گیا تھا۔ پری نوش کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو وہ پری دخت کے پاس پہنچی جہاں وزیر کے بیٹے قمر تاش کا دل اُس پر آ گیا۔ پری نوش نے قمر تاش کے اظہارِ محبت کو اس جواب سے ٹال دیا کہ جب تک پری دخت اور سام کا وصل نہ ہو تب تک یہ خواہش پوری نہیں ہو سکتی۔ قمر تاش دِل کے ہاتھوں مجبور اُسی لمحہ سام کو ڈھونڈنے چلا اور اُسے یہ مژدہ سُنایا کہ پری دخت اصل میں زندہ ہے۔ پری دخت کی سہیلی رضوان پری دخترِ شاہ پرستان کے ذریعہ بھی سام کو پری دخت کے زندہ ہونے کی اِطلاع ملی تھی۔

رضوان پری جب سام کے پاس جا کر وہاں سے واپس ہوتی ہے تو وہ سیدھے پری دخت کو چھڑا کر اور اُسے اپنے ساتھ لا کر سام سے ملنے جاتی ہے کہ راستے میں ایک دیو ابرہ نامی ان دونوں کو اُٹھا کر اغوا کر لیتا ہے اور اُنہیں ایک طلسمات میں بند کیا جاتا ہے۔

سام کو یہ خبر ملی تو وہ ایک نامی گرامی پہلوان شاپور کی مدد لیکر ابرہ کی سرکوبی کے لئے نِکلا۔ جب یہ سقلاب کی جگہ پہنچے تو وہاں کے بادشاہ قہرمان نے سام کو حراست میں لے لیا۔ پرستان کے بادشاہ

تسلیم شاہ نے یہ سُن کر شاہِ سقلاب کو خط کے ذریعہ اُسے رضوان پری
اور پری دخت کو رہائی دِلوانے کے لئے سام کے نیک ارادے سے
آگاہ کیا، اور سام کی گرفتاری پر ناراضی کا اظہار کیا۔ قہرمان شاہ یہ
خط پڑھکر غُصّے ہُوا۔ لیکن جب سام کو قید سے رہائی ملی، تو اُس نے
قہرمان شاہ سے اعلانِ جنگ کر دیا۔ قہرمان نے سام کے لئے ایک چاہ
کھُدوایا، لیکن بعد میں خود ہی اس میں گر کر ہلاک ہُوا۔
سام نے قمر تاش کو سقلاب کا فرمانروا مُقرر کر کے پری دخت
اور رضوان پری کو پانے کے لئے آگے کی راہ لی۔ سقلاب کی حدُود سے
نکلنے کے بعد وہ دیو زیدار کو قتل کر کے شہر سگسار میں داخل ہوا، اور پھر
نیمہ تناں[1] کے ملک میں پہنچ کر وہاں کے حاکم گوشہ شاہ کے ہاتھوں جادُو
کے زور سے قید ہُوا۔ تسلیم شاہ کی مُداخلت سے سام آزاد ہوا، اور تسلیم
شاہ سے ملاقات کرنے کے بعد سام اپنے مقصد کو پانے کی خاطر مُلکِ
شداد میں وارد ہوا۔ اس کے بعد مختلف آفات اور بلاؤں کا مُقابلہ کرنے
کے بعد سام اور اُس کے ہم سفر ابرہ دیو سے نبرد آزما ہوئے۔ ابرہ نے

---

[1] اس عجیب و غریب مخلوق کے تمام اعضائے جسمانی دو کی بجائے ایک تھے۔

شاپور کو قتل کر دیا۔ لیکن خود سام کے ہاتھوں قید ہُوا۔ سام، پری دخت اور رضوان پری کو چھڑا کر ابرہ کو زنجیروں سے باندھ کر چین کی طرف روانہ ہوا۔ اور وہاں شاہِ چین کو شکست دے کر پری دخت سے شادی کی۔"

لچھمن کول بُلبُل نے اس طویل قصہ کو اختتام پر اپنے "سام نامہ" میں یوں مختصر کر دیا ہے کہ سام نے قمر تاش کی اطلاع کے مطابق پری دخت کو وزیر کے گھر سے نکالا۔ اور خود شاہِ چین کو میدانِ کارزار میں قتل کر کے چین کی حکومت سنبھالی اور پری دخت کو اپنی زوجیت میں لے لیا۔ کچھ عرصہ چین پر حکومت کرنے کے بعد قمر تاش کو وہاں کی حکمرانی سونپ دی اور خود پری دخت کو لے کر اپنے وطن کیطرف روانہ ہوا۔

داستان کے چند ضمنی وقایع کو بھی لچھمن کول بُلبُل نے یا تو حذف ہی کر دیا ہے یا اُنہیں مختلف صورتوں میں پیش کیا ہے۔ مثلاً شاہِ خاور کی لڑکی کا سام پر عاشق ہو جانا صرف امیر شاہ نے بیان کیا ہے۔ اور اِسی طرح آذر افروز اور فلوآد کے باہمی عشق کا ذکر بھی صرف اُسی کے ہاں موجود ہے بُلبُل نے سعدان کے ساتھ یہ الفاظ منسوب نہیں کئے ہیں کہ اُس نے سام

کو دیکھ کر کہا کہ تمہیں دیکھ کر مجھے اپنے فوت شدہ بیٹے کی صورت یاد آگئی

امیر شاہ نے نہنگال دیو کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ بعد میں اس نے

اپنی زنجیریں کاٹ کر لشکرِ ایرانی پر حملہ کیا۔ اور کئی سپاہیوں کو ہلاک کر کے

قلوش کو کچھ عرصہ قید کر رکھا۔ رضوان پری کے قصّہ میں وارد ہونے سے لیکر

ابرہ دیو سے لڑائی تک کا سارا حال تبلبل نے چھوڑ دیا ہے۔

لچھمن کول تبلبل نے بھی اگرچہ ابتداء میں اپنے ماخذ کا ذکر کرتے ہوئے

فردوسی ہی کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن قرینِ قیاس یہی ہے کہ تبلبل کا سام نامہ

بھی سام نامۂ خواجو ہی سے ترجمہ ہوا ہے۔ البتہ ممکن ہے کہ سام کے

ابتدائی دنوں کے حال اور اس کے رزمیہ کارناموں میں شدّتِ تاثر پیدا کرنے

کی خاطر تبلبل فردوسی کا بھی دست نگر رہا ہو۔

شاہنامۂ وہاب اور سام نامۂ تبلبل کے تقابلی مطالعہ کا زیرِ

بحث سطور سے کوئی گہرا تعلق نہیں ہے۔ پھر بھی اتنا کہنا بے جا نہ ہوگا

کہ شاہنامۂ وہاب کے مقابلہ میں تبلبل کا مختصر سا سام نامہ زبان و بیان

معنی آفرینی اور وحدتِ تاثر کے لحاظ سے بہتر ہے۔ اس کی ایک خاص

وجہ یہ ہے کہ وہاب نے ہزاروں اشعار کے ایک منظوم ایپک (Epic

کو اپنی زبان میں ڈھالنے کا ارادہ کیا تھا، وہ ضمنی داستانوں پر خصوصی توجہ نہیں دے سکتے تھے۔ اس کے علاوہ یہ کام انہوں نے وقتی جذبہ سے متاثر ہو کر شروع تو کر دیا، لیکن انہیں اپنے کشمیری ترجمہ کو اصل شاہنامہ کے مقابلہ میں اس کے ایک تہائی حصہ تک محدود رکھنا پڑا۔ اور اس کام کو بھی انہوں نے ایک دردِ سر سے تعبیر کیا۔ چونکہ کام کو ہاتھ میں لے لیا تھا۔ اسلئے خودداری کی خاطر اُسے کسی نہ کسی طرح مکمل کر لیا۔ ایسی ادبی کاوش میں ہم فنکارانہ سحر نگاری اور اثر آفرینی کی کوئی خاص اُمید نہیں رکھ سکتے۔

امیرؔ اور بلبلؔ دونوں ہی نے وہابؔ کے برعکس صرف سامؔ کے واقعات اخذ کئے اور انھیں کو موضوعِ قلم بنایا۔ اس سے انہیں ایک محدود میدان میں اپنے جوہرِ شاعری کو دکھانے کا موقع ملا۔ اس لئے بلبلؔ کی کوشش کا وہابؔ سے نہیں بلکہ امیرؔ سے مقابلہ و موازنہ زیادہ موزون ہوگا۔

سامؔ نامۂ امیرؔ اور سامؔ نامۂ بلبلؔ کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو سب سے پہلے ہمیں دونوں کے اسلوبِ بیان، طرزِ فکر اور اُس جدت طرازی کو دیکھنا ہوگا۔ جس کی توقع ہر وہ قاری کر سکتا ہے۔ جس میں یہ سمجھنے کی صلاحیت موجود ہو کہ مترجم نے اصل مضمون کو اپنی زبان میں کس اچھوتے پن سے

پیش کیا ہے اور یہ کہ آیا زیرِ نظر ترجمہ اُس کے شاعرانہ کمال کی داد و تحسین
کا حقیقی طور مستحق ہے یا اُسے محض ایک ایسے ادیب کی حیثیت دیتا ہے
جو ایک زبان کے اشعار کو اُن کی معنوی نزاکتیں اور شاعرانہ موشگافیاں
سمجھے بغیر دوسری زبان میں قلم برداشتہ منتقل کرنے پر ہی اکتفا کرے منظوم
چیز کو محض منظوم سانچہ میں ڈھالنا اور وہ بھی اس طریقہ پر کہ نہ تو اصل کے
ساتھ انصاف ہو سکے اور نہ ہی ترجمہ سے کوئی مقصد حاصل ہو، جہاں
مُصنّف کی عرق ریزی کو مترجم کی تفریحِ طبع پر قربان کرنے کا باعث بنتا
ہے۔ وہاں بجائے خود مُترجم کی فنّی خامیوں کی بھی قلعی کھول دیتا ہے۔

"سام نامہ" کو کشمیری میں پیش کرتے وقت جہاں آمیر شاہ نے
فارسی زبان کی بے جا تقلید کو کافی حد تک اپنایا ہے جس سے اُن کی اپنی
اُپچ مدھم ہو کر رہ گئی ہے وہاں بُلبُل سام نامہ کو کشمیری میں منتقل کرتے
وقت ایک کامیاب شاعر کے بھرپور رُوپ میں ہمارے سامنے آتا ہے۔

یہاں یہ بات پھر سے قابلِ ذکر ہے کہ ہر چند آمیر اور بُلبُل دونوں
نے ایک ہی شخص سام کو مرکزی کردار بنا کر اپنی اپنی تخلیقات پیش کی
ہیں۔ لیکن آمیر کا "سام نامہ" بُلبُل کی مثنوی سے چوگنا ضخیم ہے۔ دونوں

مثنویوں کے مرکزی موضوع ہیں واقعات کی طوالت و اختصار کے علاوہ سارا مضمون مُشترک ہے۔ مگر امیرؔ کے یہاں ایک قسم کا ڈھیلا پن سا اس لئے محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے اکثر جگہ کچھ ایسے غیر ضروری طولِ بیانی سے کام لیا ہے کہ افسانہ کی شدتِ تاثر میں ایک خلل سا پیدا ہوتا ہے اور افسانہ کی دلچسپی بھی تفاصیل کے بوجھ سے دب کر رہ گئی ہے۔ بُلبلؔ کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے داستان سے صرف مُناسب اور جزئیات اخذ کئے ہیں۔ اور اُن کے قلم نے ہر شعر کو اپنی اپنی جگہ موزُوں و پُراثر بھی بنا دیا ہے۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ فارسی یہ دونوں تصانیف پڑھنے کے بعد جہاں امیرؔ کے سامنامہ کا مطالعہ کرتے وقت کبھی کبھی اُکتانے لگتا ہے۔ وہاں بُلبلؔ کے ہاں اُسے ایک ایسی دلچسپی اور انہماک نصیب ہوتے ہیں کہ ساری مثنوی ایک ہی نشست میں پڑھ چکنے کے بعد بھی ایک قسم کی تشنگی سی باقی رہ جاتی ہے۔

امیرؔ شاہ کے کلام میں ریختہ فارسی اشعار کی بہتات پائی جاتی ہے اُن کے ہاں ہمیں مُشکل سے کوئی ایسا کشمیری شعر ملے گا جو اس زبان کے شاعرانہ حُسن کی ایک دل لُبھانے والی تصویر پیش کر سکے۔ اس کے

برعکس بُلبُل کے یہاں بھی اگرچہ فارسیت موجود ہے، مگر اُن کی مثنوی میں وہ بے شُمار خالص کشمیری اشعار بھی نظر آتے ہیں جو اپنے جذبات کی مکمل طور ترجمانی کر کے کشمیری زبان کی بہترین شاعری کے انتخاب میں جگہ پانے کے مستحق ہیں۔

سام کے ابتدائی ایام کا حال شاعر نے یوں بیان کیا ہے ؎

زِ مشرق آفتابہٕ زن کھسہٕ وُن نھرے پھولمُت گلابہٕ زن اسہٕ وُن
ترٛیہ ہیتھ دوہ ماجہ تھوٚنس دایہ ترٛتیا رچھن آس اُچھن منز مایہ سیتی
کڈن دوہ دوہ بڈن زن ماہ نواوس نتہ اکھ اکھ دوہ ہا اکھ وری گوس
دہن واٚتھ شہن ہیتھ دراو جنگس بہ شمشیر اڈ کرن شیرن پلنگن

پری دخت کا سراپا مُلاحظہ فرمایئے ؎

وُنیتھ کیاہ ہیکہ تمۍ سُند ڈیکہ پُرنوٗر تجلّی جلوہ ماران بر کوہِ طوٗر
دوٚن چشمہ مستہِ اوس کھاسی بری بری نہ از میٚ ناز اسی بری بری
تمے ڈیشِت سپز بیمار نرگس تمِس برارن چھہ در گلزار نرگس
وُچھت سۄی بُلبُلن گُل لاگہِ پاین گلہ وِیت چاک جامن تا بدامن
وَنے سینس بہ آیئنہ اگہ جان وُچھت سۄی سینہ آیئنہ چھہ حیران

کمر اکھ مو یہ والاہ نتہ کینھہ نہ گمُناہ یا خیالاہ نتہ کینھہ نہ

سامم اپنی محبوبہ کے فراق میں اس طرح آہ و زاری کرتا ہے ؎

ووہ لو معشوقہ شوقن کرمیہ ہانگل گلے بو ہولہ کرہ ژہم لولہ ہانگل

ووہ لو معشوقہ کتے چھوی وطن ژے بہ وَن وَن وُنی دِمے ونن وَتن ژے

ووہ لو معشوقہ کوز ہکس بانبرے بو دِ ژم آلو نتہ آلہ وَے نزے بو

ووہ لو معشوقہ مورو زم ژہ دُورے مَتو ہتو ژمَ للہ وُن نار مُورسے

کشمیری چائے کی تعریف اصل میں فارسی اشعار سے شروع کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں شاہ نیاز نقشبندیؒ اور حمید اللہ صاحب اسلام آبادی وغیرہ نے فارسی میں 'چارنامے' لکھے۔ موخرالذکر ایک جگہ چائے کی مدح میں اس حد تک چلے گئے ہیں ؎

اشارہ بود در کلام خدا
کلوا اسوئے نان واشربوا سوئے چائے

پھر کشمیری شعراء محمود گامیؒ - رسول میرؒ - وہاب اور امیر شاہ وغیرہ نے بھی اپنے اشعار میں چائے کا ذکر ذوق و شوق سے کیا۔ محمود نے ایک جگہ لکھا ہے ؎

چھِنمُو چھیمِ پیالِن چاے مێِ نوماے مشی زانٛہ

رسول میر جب اپنے محبوب کی خاطر خوانِ نعمت آراستہ کرنا چاہتے ہیں تو وہ اس میں چائے کو بھی شامل کرتے ہیں ؎

چھُم مێِ بالہِ تمنّا تھُندُوی بێِ یُوری ییِر نایے
کھاسی برس دوہہ ہرہ کی برہ کرِتھ گوم
کمہ نعمژہ کھیاوہ ناون چاوہ ناوَن چاے

بُلبُل نے بھی سام نامہ میں جا بجا چائے کی مدح سرائی ایسے لطیف پیرائے میں کی ہے کہ زبان چٹخارے لینے لگتی ہے۔ یہاں تک کہ انھوں نے کہانی کو بھی کشمیری چائے کے "برگِ سبز" کی خواہش سے شروع کیا ہے اور قصّہ کا اختتام بھی چائے ہی کے ذکر پر کیا ہے۔ یہ اشعار پڑھیے اور داد دیجیے ؎

پیاری یکھنا لگے ساقی ژبہ پاری — دِتھم چایاہ کریے بو جان نیاری
پھِر کنا چایہ پیالاہ مایہ سیتی — ژلیم لوسُن مێِ چانے چایہ سیتی
شکر لب شیر چایاہ انتہ شیرِ تھ — مو یک بُوزِتھ مێِ خاطر گوم نیرِتھ
ز خوابِ ناز ساقی گشتہ بیدار — مێِ چانے چایہ ہیٹھ دل چھُم طلبگار

شہ یوٚد در خوابِ مستی گہ و گرفتار — بہ چانے چایہ ہیتی روزہ بیدار
یتم ساقی یہٕ موٗرُس انتظارَن — اُتھس کینٛھ پیالہ ہیتھ چھُس چایہ پرارَن

اسی طرح ایک جگہ شاعر کی داخلی اور خارجی کیفیات کے تضاد کو اس انداز سے بیان کیا ہے ؎

نیٚبرِ کینٛہہ سیرِ باغ و گشتِ گلشن — اَندرِ کینٛہہ کوٗیے دِلبر تس نشیمن
نیٚبرِ مارَن شکارَس سیٖہہ تہٕ آہوٗ — اَندرِ کینٛہہ بانہ صیدِ چشمِ جادوٗ
نیٚبرِ توٗشِن اَندرِ روشن شہ جانباز — روٗٹِن اَندرِ ژھوٗٹِن نہ کانٛسہٕ نشہٕ راز

مکو کال دیو کے کریہہ المنظر سراپا کو پیش کرتے وقت شاعر کا قلم قاری کے ذہن پر اس تصویر کے ہو بہو نقش ثبت کر دیتا ہے ؎

کلس پیٚٹھ ہینٛگ زَن رائِل پٮ۪ن پیٚٹھ — لگو پیٚٹھی لنٛگ درامتہ رائِلس پیٚٹھ
پُراز چین تس جبین چینٛچ وُڈرزَن — جبینس چینٛ ما چین اوس لرزَن
بُنھِس پیٚٹھ نَس اُسس دوزخٕک تھم — نکہ وارِ دوٗد کُس ہائے جہنّم
بہ صورت گوٗلی کاژر مچھہ تیٚچھل — بھران اُچھ دربیٚنٛھی دیوان نارہ ورزہ مل
وٹن اُس اوس گویا اہہ گیٚج اُس — تیٚمچ کٹھہ کرنہ پیٚتین زیٚو تہٕ گیٚج اُس
کہ کرسینٛچ وڈر تس سینہ تے وٕچھ — کرژھہ وال اُسی ہا پیٚتھ نارہ گوٗی کچھ

پدِ یو بیٹھی زنگہ تس فولاد تھم زَن   قدم تراوان نہ میدانن گژھن کھن

ایک بار پری دخت بھیس بدل کر سام کے پاس آتی ہے اور
اُس کی وفا کا امتحان لینے کی غرض سے سام کو تاکید کرتی ہے کہ وہ اپنی
محبوبہ کا خیال دل سے چھوڑ دے۔ اس موقعہ پر سام کے جوابات ایک
عاشقِ صادق کے دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے محسوسات کی ترجمانی
کرتے ہیں۔ اس منظوم مکالمہ کو سُنیئے ؎

دوپُس تمہ مارہ نے گوہ ژھک مُت   دوپُس اُمی چھس ازجان سیر گومُت
دوپُس تمہِ تراو ازجان مائے تمی سنز   دوپُس اُمی چھم میہ دردل رائے تمی سنز
دوپُس تمہِ کرسہ زانتھ ہاوی ژیہ دیدار   دوپُس اُمی چھس وُچھان دیدار ہر بار
دوپُس تمہ بے وفا ظالِم سہ لاگی   دوپُس اُمی وانہِ ژالُن عاشقن رتی

پری دخت کے بیمار ہونے کی من گھڑت خبر جب سام کو سُنائی
جاتی ہے تو اُس پر جنونی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔ شاعر نے اس کی عکاسی
ان دلگداز اشعار میں کی ہے ؎

بیتوُمی بوُزِتھ سامس گوو دِلس خوُن   وُچھن ماہِ تمامس نیج اُچھن زوُن
ہکمہ گنگلی ژٹھتھ ترووُن سہ رائِل   وَدن گو تاہ بدن تس پارے درگل

رٹن اوس چاندہِ گگُ المائسی دندٕ | شکر ژاپان بعند تلخی سہ قندٕ
وٕسُن تس روغنِ بادام برگُل | کھسن از تابِ دل زہراب برمُل
گلاہ تراٰوِن قبا از تن کوٗرن چاک | وٕدن گوٚو بر درِ چین ہیوٗ یُٹھ غمناک

اور آخر میں عاشق و معشوق اور دیگر رفقاء کے وصل کی تصویر یوں کھینچی ہے ؎

بوصلِ رخ پَرِی سامِ نریمان | سپُن خوش حال خورسند از دل و جان
کوٗرن زر خرچ لوٗکن ہیتھ بہ ہمت | غنی سپنہ گدا از مال و دولت
سپُن شاہانہ جشنک حکم برپا | خلائق متہ گمتہ وچھنس تماشا
چراغانہ کوٗرکھ باشادیانہ | بمعہ یار ژاے ہیوٗن ہیوٗن محلہ خانہ
دِگکھ مطلب لبتھ از وصلِ دلبر | مُرادس واتی بایارانِ دیگر

بُلبلؔ نے "سام نامہ" کے سارے قصّہ کا تانا بانا ایک ہی مسلسل واقعہ یعنی سامؔ کے رزم و بزم کے کارناموں سے تیار کیا ہے۔ جس میں شروع سے آخر تک روانی اور تسلسل بدرجۂ اتم پائے جاتے ہیں۔ اصل کہانی کا ترجمہ کرتے وقت سب سے پہلے بُلبلؔ کا ذہن سام نامہ کے بوقلموں واقعات سے پرے ایک ہی چیز پر مرکوز رہا ہوگا۔ اس سے اگر ایک طرف بُلبلؔ

کے خیالات میں بھی ایک ہم آہنگی قائم رہی ہے تو دوسری جانب اُن کے فن نے بھی پوری طرح اُن کا ساتھ دیا ہے۔ کئی ضمنی پلاٹوں کو لانے کے بعد بھی بُلبل کے جادو نگار قلم نے مثنوی میں قاری کی دلچسپی کا مرکز سام اور پری دخت کو ہی بنائے رکھا ہے۔ خاص کرداروں کی مرکزیت شروع سے آخر تک سارے قصّہ پر چھائی رہتی ہے۔ اور پڑھنے والا ان کے محسوسات اور جذبات کے ساتھ اپنے آپ کو غیر شعوری طور وابستہ کرنے پر مجبور ہو کر رومان کی ایک ایسی طلسماتی فضا میں پہنچ جاتا ہے جو کسی اعلیٰ فن کار کی رفعتِ تخیّل اور اُسکی اوجِ تفکّر کی ہی پیدا وار ہوتی ہے۔

ایک بُلند پایہ فن کار کی فن کارانہ صلاحیتیں اُسی وقت اپنے کمال کی بلندیوں کو چھُو سکتی ہیں۔ جب اُس کے پیش کردہ کرداروں کے دل کی دھڑکن ہمارے اپنے دلوں کی دھڑکنوں سے ہم آہنگ ہو جائے اور محسوس ہو کہ اُس نے اپنی ان قلمی تصاویر میں چیدہ چیدہ رنگوں کے استعمال سے وہ خدو خال اُبھارے ہیں، جن میں ایک تھرکتی ہوئی رُوح موجود ہے۔ شاعر اپنی طبع زاد تخلیق پیش کرتے وقت اپنی مرضی کا آپ مالک

ہوتا ہے۔ اور اُس کی پیش کی ہوئی چیز میں اُس کی اپنی مزاجی کیفیات، ذہنی احساسات اور قلبی واردات کو بڑا دخل رہتا ہے۔ لیکن دوسری زبان کا کوئی منظوم فن پارہ ترجمہ یا تصرّف کی شکل میں بیان کرنا مقصود ہو تو مُترجم اصل زبان کی شاعرانہ باریکیاں اور اصطلاحی نزاکتیں ذہن نشین کرنے کے بعد ہی قلم اُٹھانے کے قابل ہو سکتا ہے، پھر اُس کی اپنی صلاحیتیں، زبان و بیان پر عبور اور اصل و ترجمہ دونوں میں معنوی توازن برقرار رکھتے ہوئے بیان کو خُوب سے خُوب تر بنانے کا سلیقہ مترجم کو تخلیق کے ایک ایسے سدابہار گُلدستہ کا خالق بنا دیتا ہے جس کی تازگی سدا قائم رہتی ہے۔ ترجمہ کرنے کا کام جہاں مُترجم سے اسکی فنّی چابک دستی کا مُتقاضی ہوتا ہے، وہاں اس بات کو بھی ناگُزیر قرار دیا جانا چاہیئے کہ ترجمہ کرنے والا دونوں زبانوں پر یعنی جس سے ترجمہ کرنا ہو اور جس میں ترجمہ کیا جائے، پُوری دسترس رکھتے ہوئے ان زبانوں کے تلامیح و تراکیب کو معنوی و صوری دونوں خوبیوں کے ساتھ استعمال کرنے میں طاق ہو۔ کامیاب ترجمہ وہی کہلایا جا سکتا ہے جسے پڑھ کر نہ صرف اصل کا گمان ہو بلکہ جو اُس کی اصلی لطافت اور شیرینی

میں بھی اضافہ کا باعث بنے۔

اس لحاظ سے "بلبل کا سام نامہ" ہماری اُن اعلیٰ پایہ کی مثنویوں میں شامل ہے جو کشمیری زبان کے ادبی سرمایہ میں گراں بہا اضافے کا سبب بنی ہیں۔

—— غلام نبی خیال

سری نگر

یکم مئی سنہ ۱۹۶۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیاٸرے لیکھنا لگے ساقی ژیہ پاٸری
دِتم چاپاہ کرِے بۄ جاں نثاٸری

سُہ برگِ سبز جیٖنیٖ چھُس بہ مانن — یمے صوٗرتا پتو کرِ چھُس بہ زانن
زِ بعدِ حمدِ ملکِ مالکِ جان — وَنے گَگُلد خبری سامِ نریمان
ژِہ کُن لِتھو وارِہ فردوسیٖ وَن چھُوی — چھِپے پۄرمت زِ شہنامہٖ منن چھُوی
فریدوٗن پادشاہ اُیلہ گوو زِ عالم — منوچہر ہِس پیہن شاہی مُسلّم
نریمان اوس تہتہ وقتن پہلوان — دلیرِ وفیل زور و شیرِ غُرّان
وطن تس اوس میراثی بزابُل — جنن دیوٗن کران اوسُوی تقابل
بیاٸے تخت شاہ آسان دمادم — کمر بستہ بپا اِستادہ سر خم
دِتُکھ تمیٚ یہی زِ درگاہِ خداوند — سعادت مند فرزندا شکیہ نخند
زِ مشرق آفتاباہ نن کھسہ وُن — لِتھرے پھۄ لمِست گلاباہ ان اسہ وُن
گوٚ بَرِ دِلیشت نریمان شاد سیٖن — غمو غنچہ صبحِ تشہ آزاد سیٖن
بطالع پھیروتھ دِیو پھٹن بۄرنہ یژھا[1] — کوٚرُن تمہ نامدارن سام تس ناو

---

[1] بۄرنہ چھُ دراصل بۄرُن لفظن ہندس تلفظس منز امہ قسمک ہیر پھیر چھہ مصنّفن کیزن خاطرن وزن سعہ مراد نہ بایتہ کورمت۔

تتہ یتہ ہیتھ دوہ دہ ماجہ تھونس دایہ سیتی   رچھن آس اُچھن منز مایہ سیتی

دِتن خیرات تمہٚ پیرن فقیرن   ضیافت کرنہٕ سردارن امیرن

کڈن دوہ دوہ بڈن زن ماہِ نو اوس   نتہ اکھ اکھ دوہ اکھ اکھ وری گوس

بہ تن آلبرز ہیو سپُن سُہ زورد   بقد طوبیٰ اکھ تن کینژھ طوطہ زن گو

سپن نہٕ سالہ سونٛزکھ ژاٹہ ہالس   کمالس ووت ہر کسب کمالس

ذہانن وائتھ شہن سیتھ دراو جنگن[1]   بہ شمشیر اڈ کرن شیرن پلنگن

بہ نخچیر اوس پادرسہہ گریزن زن   تسندے گرزہ سیتی آلبرزہ لرزن

کوڈن شمشاد ہیو تمہٚ سرو قامت   سُہ قامت سرو شمشادن قیامت

کمان وزمل تسنز گگرایہ ماران   شکارس پیتھ وسان آسی تیر باران

ژدہ ترا وتھ ستن دوہن منز ہیتن رو   دوہ ہفتک ماہِ کامل گوو مہ نو

صنوبر شوبی دوہ تھن ڈیشت بہتھ گو   پیتھر پیٹھ پارہ ہیو زن یاد زیٹھ پیوو

دوہ اکہ نیون باخود سرو بالا   نریمانن بہ پیش شاہِ والا

کمان ترکش گنڈتھ شمشیر گرزہ   گراہ اکھ تس کھسن زن شیر شرزہ

بدرگاہِ شہنشاہ ژاہ یامت   بسجدہ خم کورن تمہٚ سرو قامت

---

[1] ذہانن وائتھ شہن سیتی اوس جنگن

منوچہرن وُچھُن یِلہ چہرہ نس جان   سیٹھُن مُشتاق تس پیٹھ از دل و جان
وُچھُن یِلہ حال تمۍ سُندی یال گوپال   سپُن خوشحال وۄلنس مایہ ہنٛدال
عزیز شاہ سہ سپُن تیوٗت وارٛاہ   دۄیُن فرزند چھُم کوٗرنس مداراہ
اُچھونشہِ زاہنہ یژھاں تس اوس نہ دوٗر   منوچہرُن نیٚچُو سپُن سہ مشہور
دِوان ژھوہ رات دوہ عشرت کران اوس   حسابِ مملکت یٖکھن یران اوس

●

بہتھ کیاہ چھک کران ساقی ژہ تھوٚد وۄتھ
عزیزن ہنز یہ صحبت چھے غنیمت

سماوارس تیٖمہ نگٕی ژھۄن یوٚد چھُہ بوزُن
پگاہ کتھ کیٛن لگو یتھ ما چھُہ روزُن

●

دوہا اکھ آو گوو شام زیمان   منوچہرس رتشے باروے خندان
ژہ گُمی گنڈ ظٹھ کوٗرُن عرض اے خداوند   شکارس پیٹھ میہ دِل چھُم آرزو مند
دِتم رخصت شکارس نیرہ گامن   دوہاہس کھیلتِ[2] پھیرتھ وا ئتہ شامن
دۄپُس تمۍ جون دوٗریٚر کرزرے بو   ژیہ روستُوی ونتہ ژہی دین کیٛہ ہینے بو

---

[1] گیرزہ گنڈ ظٹھ ــــــ الخ (دوٚیم نسخہ) [2] کھیلت چھُہ مطلب گند بخیف- اُردو بانٛھٕ چھُہ شکار کھیلنا' ونان تہ مصنفن چھُہ یتھین یہ لفظ اُردو محاورکی صورتس منز استعمال کوٗرمت- تتہ وۄنو اُسو کاشرہ بانٛھ شکار کرتھ'

گژھک یوٚد ییرِہ اُزی پھیرِتھ زنجیر
نیٚبر شب بُری زیٚنہ کرِی زیٖنہ تاخیر

گُراہ دِیُتنس کھسُن بہ سوٲری
عزاب اوس ناوتس سیٚہہ زن شکاری

دِپُن تٔرخص پیٚون سامہ نٔریمان
گرِس کھیوٚت سیتی ہیتھ باہ اشیتھ پہلوان

گرزہ وۍ سیٚہہ درہ دُن نارہ زن رتم
دِلاور اژدرِ خونخوار زن رتم

بیابان کھوٚن زن اوٚبرہ لاران
شکارس پیٚتھ کران آسی تیرِ باران

چرِنٛدن پیٚٹھ پھتر پاوِکھ پرنده
پرِندن زیٚرِ پر ساوِکھ درنده

دوٚن سامہ نٔریمان سیتی یارن
دِوان یِژ ڈالہ سیٚہہ زن ژھالہ مارن

نظر ترٲوِن اکس طرفس چھہ ڈیشُن
شکارا، گورخر سوٚن زن تمِس تن

یکن لوٚت لوٚت سہ زن تس پتہ پہ گندم
چھہ عنبر بیٚرِہ پھوٚت ہیچہ یال تہ دُم

تمِس ڈیشِتھ پیٚٹھا شیدا سپُن سام
دوٚپُن لارس رٹُن زندے کرُن رام

عزابس دور ترٲوِن پتہ کوٚرُن داو
ژلُن گوٚو گورخر منز جنگلس ژاو

سمندس پیٚٹھ کمند اہیتھ پتے سام
چھہ لاران یا بہ مارن یا کرُن رام

ژلُن پھُس گورخر لارن سہ دُنبال
جُدا ہیوٚو فوجِ تشہ رسوٚمس کا نہ حال

لگِس یلہ تریش یژ گنیٚن دِتن پھیش
دِپان اوس پاٹھی پانس آم کیاہ پیش

وچھن تتھ جنگلس منز باگ باغاہ — گلستاناہ عجب جائے فراغا

چمن بری بری گلن ہندی رنگ برنگ — تھرین بیٹھ بولہ وتی بلبل خوش آہنگ

پکہ وُن آب جوین آب زمزم — تتھ چشمہ کران اُسی کوثرس زم

بنگلاہ اکھ وچھن چرن ماہ شوبان — رتتھے پیٹھ آسمانس ماہِ تابان

پشس تتھ موختہ چی ژھیپی سوہ ٹیکھچی ہیر — لبن بجری منز جواہر تہ ڈبن ہیر

پکن لوٹ لوٹ بہتھ ڈیٹھن چشمہ — سیاہ چشمہ بصد تازہ کرشمہ

شکر لب سیبِ غبغب نارِ پستان — پریشان زلف تس مانندِ مستان

وچھت سام زیمان آیہ دورن — کرن ھیپ ماژہ اتھوی ریشہ کھورن

ذِ بن چھس اے جوانِ تند چالاک — مہربانی کرِتھ کتھ یا گھوٹ لوٹ اکھ

پھر وس کس عمارژ پیٹھ دما بیہ — زجامِ شوق اکھ دااماہ مویک چیہ

